یہ مقالہ تین ابواب میں منقسم ہے۔ ہر باب تین فصول پر مشتمل ہے۔ باب اول میں آیات مخاصمہ اور علم الآثار۔ تمہیدی و تعارفی مباحث پر مشتمل ہے جس میں تین فصول قائم کی گئی ہیں۔ فصل اول میں علم مخاصمہ کا تعارف و اہمیت کا بیان ہو گا۔ فصل دوم میں قرآن میں مذکور اقوام کا تعارف ہو گا اور فصل سوم میں مختلف اقوام کے بلاد کا بیان ہو گا۔ باب دوم میں اقوام انبیاء کے مقامات۔ علم آثار کے تناظر میں بیان کیا جائے گا جس میں تین فصول بیان کی گئی ہیں۔ فصل اول میں قوم ابراہیم کا علاقہ اور اس کی خصوصیات کا بیان ہو گا۔ فصل دوم میں قوم لوط کا خطہ اور اس کا تفصیلی تعارف پر روشنی ڈالی جائے گی اور فصل سوم قوم موسیٰ کے مختلف علاقے اور انکی خاصیات پر مشتمل ہو گی۔ باب سوم معذبین و منکرین کے علاقے اور آثار قدیمہ پر مشتمل ہے جس کی فصل اول میں قوم عاد کا علاقہ اور اسکی اہمیت پر روشنی ڈالی جائے گی۔ فصل دوم میں قوم ثمود کا خطہ اور اسکی خصوصیت کو بیان کیا جائے گا اور فصل سوم میں قوم شعیب اور دیگر اقوام معذبہ کے آثار بیان کیے جائے گے۔ اور آخر میں ضمیمہ و نقشہ جات کا بھی ذکر ہو گا۔